نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات

پلاننگ ڈیپارٹمنٹ

پلاننگ ڈیپارٹمنٹ، اپنی کمیونٹی کی شراکت داری کے ساتھ، پائیدار ترقی کے فروغ کا خواہاں ہے تاکہ فی الوقت اور مستقبل، دونوں میں فعال معیشت، معیاری ماحول اور سماجی ترقی کے حصول کو ممکن بنایا جا سکے۔ ہم پائیدار ترقی کی حکمت عملی اور منصوبے وضع کرنے؛ اراضی کے استعمال اور ترقی کے حوالے سے رہنمائی کرنے؛ پائیدار ترقی اور از سر نو ترقی میں سہولت دینے؛ اور کمیونٹی کی شمولیت اور اعانت کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ عوام الناس کو معیاری سروس فراہم کرنے کے لیے، مختلف نسلوں کے افراد کی خدمات تک مساوی رسائی کی ترویج پر ضروری توجہ صَرف کی جاتی ہے۔

متعلقہ خدمات

- پلاننگ ڈیپارٹمنٹ مختلف النوع ٹاؤن پلانز کی تیاری کا ذمہ دار ہے تاکہ اراضی کے مناسب استعمال اور ترقی کے حوالے سے رہنمائی کر سکے۔ ان منصوبوں میں علاقائی،قانونی ٹاؤن پلانز پر ترقیاتی حکمت عملیاں اور مقامی ضلعی سطح پر تفصیلی لے آؤٹ پلانز شامل ہیں۔ ہم مقامی/علاقائی مطالعات کا انعقاد بھی کرتے ہیں اور اراضی کے ناجائز استعمالات کے خلاف کارروائیاں انجام دیتے ہیں۔

- عوام الناس منصوبہ بندی کی معلومات پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے دو پلاننگ انکوائری کاؤنٹرز (پی ای سی) پلاننگ ڈیپارٹمنٹ واقع 17/ایف نارتھ پوائنٹ گورنمنٹ آفسز اور 14/ایف شا ٹن گورنمنٹ آفسز سے لے سکتے ہیں۔ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ، ٹاؤن پلاننگ بورڈ (ٹی پی بی) کے ریسپشن کاؤنٹر واقع 15/ایف نارتھ پوائنٹ گورنمنٹ آفسز پر بھی خدمات فراہم کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، ہم سنٹرل میں سٹی گیلری واقع 3 ایڈنبرا پلیس چلاتے ہیں۔

موجودہ اقدامات

- پلاننگ ڈیپارٹمنٹ ہانگ کانگ کی سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں پبلک سروسز، بشمول قانونی دستاویزات اور منصوبوں کی فراہمی جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، منصوبہ بندی کے مطالعات میں عوامی شمولیت کی کاوشوں کے لیے مستعمل مشاورتی پرچے ، معلوماتی ، کتابچے اور پوسٹرز بھی عامۃ الناس میں تقسیم کے لیے دونوں سرکاری زبانوں میں شائع کیے جاتے ہیں۔ سٹی گیلری دونوں سرکاری زبانوں کے ساتھ ساتھ پوٹنگوا/سادہ چینی زبان میں بھی عوامی نمائش کا مقام مع نمائشی اشیاء اور عجائب گھر کے رہنما کی خدمات فراہم کرتی ہے۔

- جہاں ضروری اور مناسب ہو، سنٹر فار ہارمونی اینڈ اینہانسمنٹ آف ایتھنک مائنرٹی ریزیڈنس (سی ایچ ای ای آر) کے ذریعے ترجمانی کی خدمت کا انتظام کیا جائے گا۔ سی ایچ ای ای آر آٹھ

زبانوں میں بذریعہ ٹیلیفون ترجمانی کی خدمت فراہم کرتی ہیں جن میں بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، اردو، تیلگو، تھائی اور ویت نامی شامل ہیں۔ ایسی خدمات کی فراہم کے لیے نوٹسز پی ای سی، ٹی پی بی کے ریسشن کاؤنٹر اور سٹی گیلری میں شائع کیے جاتے ہیں۔

- عملہ کے لیے تربیتی/ملازمت کی معلوماتی نشستوں کا باقاعدگی سے اہتمام کیا جائے گا تاکہ نسلی مساوات کے حوالے سے ان کی آگہی اور حساسیت کو بہتر بنایا جا سکے۔ فرنٹ لائن کی سطح پر متعلقہ ورک مینوئل اور رہنما ہدایات اسی مناسبت سے فراہم کر دی گئی ہیں۔

-

مستقبل کے کام کا جائزہ

- پلاننگ ڈیپارٹمنٹ وقتاً فوقتاً اپنی خدمات کا جائزہ لے گی، جس میں عامۃ الناس کے تبصروں اور تجاویز کو اس امر کے پیش نظر ضروری طور پر مد نظر رکھے گی تاکہ عامۃ الناس کی ضروریات کی تکمیل کر سکے۔مسلسل جائزے اور سروس کی فراہمی میں بہتری کے لیے، مختلف نسلوں کے افراد کے ذریعے سروسز کے استعمال کا ڈیٹا اور معلومات کی جمع آوری کی جاتی ہے۔

لیے گئے / لیے جانے والے اضافی اقدامات

- پلاننگ ڈیپارٹمنٹ نان ایتھنک چائنیز (این ای سی) طلبہ کی سول سروس بیورو (سی ایس بی) کے انٹرن شپ پروگرام میں شرکت کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔یہ2023میں مقامی سطح پر ڈگری ایوارڈ کرنے والے اعلیٰ تعلیم کے ادارہ میں کُل وقتی انڈر گریجویٹ سٹڈی میں مندرج این ای سی طالب علم کے لیے ایک جگہ پیش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تاکہ نوجوان این ای سی کو کام کے تجربے کے حصول میں مدد مل سکے اور ملازمت کے لیےان کی مسابقت میں بہتری آ سکے۔ این ای سی طالب علم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے اختیار کردہ نسلی مساوات کی ترویج کے اقدامات کو بہتر بنانے میں معاونت کرے گا۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی مسٹر کیون سی پی این جی، چیف ٹاؤن پلانر/ٹیکنیکل سروسز سے درج ذیل چینلز کے ذریعے رابطہ قائم کریں -

ٹیلیفون نمبر : 22314666
فیکس نمبر : 28770389
ای میل : kcpng@pland.gov.hk
ڈاک کا پتہ : 17/F, North Point Government Offices, 333 Java Road, North Point, Hong Kong

پلاننگ ڈیپارٹمنٹ
مئی 2023